4849-امانت میں تصرف اوراس سے فائدہ حاصل کرنے کا حکم

سوال

میرے پاس ایک شخص نے کچھ رقم امانت رکھی تومیں نے اس مبلغ سے فائدہ حاصل کیااور کاروبار کیا، جب وہ شخص آیا تومیں نے اسے سارامال واپس کردیالیکن اس کے مال سے فائدہ لینے کے بارہ میں کچھ بھی نہ بتایا، توکیا میراایسا کرنا جائزہے کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

جب کوئی شخص آپ کے پاس امانت رکھے تواس میں آپ بغیراجازت تصرف نہیں کرسکتے ۔ آپ پراس کی حفاظت اس طرح کرنا ضروری ہے جس طرح اس جیسی اشیاء کی حفاظت کی جاتی ہے ۔

اوراگرآپ نے اس کی اجازت کے بغیراس میں کوئی تصرف کیا توآپ اس سے معافی مانگیں اگرمعاف کردے توٹھیک وگرنہ اسے اس کا مال منافع سمیت واپس کرنا ہوگا ، یا پھر آپ اس نے نصف یاکسی اورحصہ پرمصالحت کرلیں ، اس لیے کہ مسلمانوں کے مابین صلح کرنا جائزہے لیکن ایسی صلح نہیں ہونی چاہیے جس سے کوئی حلال چیزحرام ہویاپھر حرام چیز حلال کرلی جائے ۔

واللہ اعلم.